# Urdu - FSC Part 1 Urdu Chapter 29 Short Questions Online Test

Q1. اس سبق میں کس معروف داستان کا ذکر آیا ہے.

**Ans 1:** اس سبق میں معروف داستان امیر حمزہ کا ذکرآیا ہے.

Q2. ابن انشاء مضمون لکھتے ہوئے کس شہر میں تھے

**Ans 1:** ابن انشائ مضمون لکھتے ہوئے سنگا پور میں تھے

Q3. ابن انشا نے قیام کی کیا راحتیں اور برکتیں بیان کی ہیں.

**Ans 1:** نہ پاسپورٹ کی فکر، نہ ویزا لگوانے کےلے بھاگ دوڑ، نہ فارن ایکسچینج کاٹنا اور نہ ہوائی کمپنیوں کے پھیرے قیام کرنے سے ان تمام چیزوں سے انسان کو چھٹکارا حاصل ہوجاتا ہے.

Q4. یوسفی صاحب کی شیو کی پیالی کہاں سے برامد ہوئی تھی.

**Ans 1:** یوسفی صاحب کی شیو کی پیالی مرغی کے دڑبے سے برآمد ہوئی تھی.

Q5. لڑکے کے ہاتھ میں کیا تھا اور وہ کیا لینے نکلا تھا.

**Ans 1:** لڑکے کے ہاتھ میں کٹورا تھا اور وہ آدھا سیر تیل لینےنکلا تھا

Q6. کبوتر اور کبوتری کیسی زندگی بسر کررہے تھے

**Ans 1:** کبوتر اور کبوتری امن اور چین کی زندگی بسر کررہے تھے

Q7. مشتاق احمد یوسفی کے مطابق خوش عقیدہ لوگوں کا ایمان کیا ہے.

**Ans 1:** ان کے مطابق اگر مرغ ازان نہ دے تو پو نہیں پھٹتی

Q8. گدھ نے کبوتر کو کیا مشورہ دیا.

**Ans 1:** گدھ نے مشورہ دیا کہ اگر سانپ سے دوستی کرلی جائے تو خطرہ سے بالکل محفوظ ہوجائیں گے.

Q9. مصنف کے نزدیک وہ کون سی سنگین غلط فہمی ہے جس میں عوام و خواص مبتلا ہیں۔.

**Ans 1:** مصننف کے نزدیک عوام و خواص ایک سنگین غلط فہمی کا شکار ہیں کہ مرغیاں دڑبے اور ڈاپے میں رہتی ہیں.

---

Q10. مشتاق احمد یوسفی کے دوست کا نام کیا ہے.

**Ans 1:** مشتاق احمد یوسفی کے دوست کا نام مرزا عبدالودود ہے.

---